8اکتوبر 2021ء

ستمبر 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی پریس ریلیز

- ستمبر 2021ء میں 2.7 ارب ڈالر کی آمد کے ساتھ کارکنوں کی ترسیلات زر کا جون 2020ء سے 2 ارب ڈالر سے زائد رہنے کا مضبوط رجحان جاری رہا۔
- یہ مسلسل ساتواں مہینہ ہے کہ آنے والی رقوم اوسطاً 2.7 ارب ڈالر کے لگ بھگ رہی ہیں۔
- نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر ستمبر میں 16.9 فیصد (سال بسال) بڑھ گئیں جبکہ ماہ بہ ماہ بنیاد پر 0.5 فیصد اضافہ ہوا۔
- مجموعی طور پر اس سال کی پہلی سہ ماہی میں 8.0 ارب ڈالر ترسیلات زر آئیں جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 12.5 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔
- ستمبر 2021ء کے دوران آنے والی ترسیلات زر زیادہ تر سعودی عرب (691 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (502 ملین ڈالر)، برطانیہ (370 ملین ڈالر) اور امریکہ (245 ملین ڈالر) سے آئیں۔
- گذشتہ سال سے ترسیلات زر کی آمد میں مسلسل بہتری کے اسباب میں باضابطہ طریقوں کے استعمال کی ترغیب دینے کے لیے حکومت اور اسٹیٹ بینک کے فعال پالیسی اقدامات، کووڈ 19 کی بنا پر سرحد پار سفر میں کمی، وبا کے دوران پاکستان کو بھیجی جانے والی فلاحی رقوم اور زرمبادلہ مارکیٹ کے منظم حالات شامل تھے۔

****